## وزیر اعلیٰ ہاؤس میں متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کی کور کمیٹی کا اجلاس

## بلدیاتی انتخابات اور مقامی حکومتوں کے نظام اور اس کے مستقبل پر تبادلہ خیال اور فیصلے کئے گئے

## متحدہ قومی موومنٹ نے بلدیاتی نظام میں مزید بہتری کیلئے قانونی مسودہ پیپلز پارٹی کے حوالے کر دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 20، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کی کور کمیٹی کا اجلاس اتوار کے روز وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ہوا جس میں بلدیاتی اور مقامی حکومتوں کے نظام اور اس کے مستقبل پر تبادلہ خیال اور فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست صوبائی وزیر سردار احمد اور حیدرآباد کے حق پرست ضلعی ناظم کنور نوید جمیل نے شرکت کی جبکہ پیپلز پارٹی کی جانب سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں پیر مظہر الحق، آغا سراج درانی، سید امداد علی شاہ اور راشد ربانی شریک ہوئے۔ اجلاس ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہا۔ اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے بلدیاتی نظام میں مزید بہتری اور موثر کارکردگی کیلئے قانونی مسودہ پیپلز پارٹی کے حوالے کیا گیا قانونی مسودہ میں وضاحت کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ موجودہ بلدیاتی نظام کو کن طریقوں سے مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ اجلاس میں بلدیاتی نظام اور اس کے تسلسل کو برقرار رکھنے پر دونوں جماعتوں کی جانب سے اتفاق پایا گیا جبکہ آئندہ ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کا مؤقف ہے کہ بلدیاتی انتخابات موجودہ ناظمین کی موجودگی میں کرائے جائیں اور پیپلز پارٹی کا مؤقف ہے اس کے لئے ایڈمنسٹریٹر مقرر کئے جائیں لہٰذا اجلاس میں بلدیاتی انتخابات موجودہ ناظمین کی نگرانی میں کرانے یا کیئر ٹیکر کی نگرانی میں کرانے پر دونوں جماعتوں میں اتفاق نہیں ہوسکا اور ان معاملات پر مزید پیش رفت 2 جنوری کو ہونے والے کور کمیٹی کے اجلاس کی جائے گی۔

## محرم الحرام کے دوران عوام اپنے درمیان اتحاد و یکجہتی اور یگانگت کی فضا کو برقرار رکھیں، علامہ فرقان حیدر عابدی، مولانا سعید قمر قاسمی

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔20 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب نے گزشتہ روز معروف شیعہ عالم دین علامہ فرقان حیدر عابدی اور ممتاز عالم دین مولانا سعید قمر قاسمی سے ملاقات کی اور ان سے محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ، مذہبی رواداری اور امن وامان کے قیام کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل کی اور علمائے کرام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج وجمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور علماء کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علمائے کرام نے محرم الحرام کے موقع پر ایم کیو ایم کی کاوشوں کو سراہاتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جو محرم الحرام اور دیگر اسلامی مہینوں میں اپنا کردار عملی طور پر ادا کرتے ہیں اور ان کی کاوشوں کے سبب ہی آج عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری قائم ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان اتحاد و یکجہتی اور یگانگت کی فضاء کو قائم رکھیں اور تمام اشتعال انگیزیوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ آخر میں علمائے کرام نے ملک میں امن وامان کے قیام اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت اور تندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## طالبانائزیشن کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے مسلح افواج، سیکورٹی، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور محبّ وطن عوام کے حوصلے بلند ہیں، ارکان قومی اسمبلی

## بلدیہ ٹاؤن کے علاقے سے کالعدم تحریک طالبان کے خطرناک دہشت گردوں کی اسلحہ سمیت گرفتاری طالبانائزیشن کی سازش کا ایک اور ٹھوس ثبوت ہے

## نام نہاد مذہبی جماعتوں کے رہنما کراچی سے درجنوں طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریوں پر اب بھی خاموش کیوں ہیں؟

کراچی۔۔۔20، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن سے کالعدم تحریک طالبان کے خطرناک دہشت گرد حسن زیب خان عرف حسن جان کی گرفتاری اور اس کے قبضے سے ناجائز اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل کی برآمدگی کو کراچی میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کا ایک اور ٹھوس ثبوت قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان انہوں نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور اہلکار درجنوں طالبان دہشت گردوں کو گرفتار کر چکے ہیں جن میں طالبان کے کئی

کمانڈر بھی شامل ہیں اوراب اس بات میں کسی قسم کے کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہی ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کراچی اور ملک بھر میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جن خدشات اورتحفظات کا اظہار کیا تھا وہ سو فیصد درست تھے ۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سے درجنوں طالبان دہشت گردوں کی خودکش جیکٹوں اور جدید آتشی ہتھیاروں سمیت گرفتاریوں پرنام نہاد مذہبی رہنمااب بھی کیوں خاموش ہیں جوطالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے نہ صرف انکار کرتے رہے ہیں بلکہ عوام کوگھناؤنی سازش اوراس کے پیچھے کارفرما مذموم عزائم سے آگاہ کرنے کے بجائے الٹااورغلاتے رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریوں نے نام نہاد مذہبی جماعتوں کے چہروں سے نقاب الٹ دیئے ہیں اوراب عوام بخوبی جان چکے ہیں کہ ملک میں دہشت گردی اوراس عفریت کو پھیلانے میں کون سے عناصر ملوث ہیں ۔انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اوراہلکاروں کوطالبان دہشت گردوں کی گرفتاریوں اوران کے مذموم عزائم کوناکام بنانے پرزبردست خراج تحسین بھی پیش کیا اور کہا کہ طالبانائزیشن ملک وقوم کے لئے ناسور ہے اوراس ناسورکوختم کرنے کیلئے مسلح افواج ،سیکورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں اور محبّ وطن عوام کے حوصلے بلند ہیں ۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی ،اے پی ایم ایس اوسیکٹر E کے سیکٹرانچارج سمیت کارکنان کوغیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی ۔۔۔20،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے کی بناء پرآل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر E کے سیکٹرانچارج جانسن ولد شمیم اسٹیفن ،کارکنان واصف ولد رفیق احمد قریشی ،افتخار ولد شفیق احمد خان ،فیضان ولد سخاوت علی اورمحمد علی ولد امیر حسین کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کوسختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالاافراد سے کوئی رابطہ نہ رکھیں ۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اسحاق کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن ۔۔۔20،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن محمد اسحاق کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔20،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے بزرگ کارکن محمد اسحاق ،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن محمد امان کے والد عبد الرحمٰن ،ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن ندیم کی والدہ محترمہ عالیہ خاتون ،ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن عبدالواحد کے والد جان محمد اورایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے کارکن محمد عرفان کے والد محمد نعیم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

☆☆☆☆☆